**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

## سروسز چیفس کی مدتِ ملازمت میں توسیع سمیت دیگر اہم معاملات پر پارلیمان سے قانون سازی کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی قانون سازی کے حکومتی انداز پر کڑی تنقید

حکومتی طرزِ عمل کو پوری ریاستی اور انتظامی ڈھانچے کی تباہی و بربادی کا ذمہ دار قرار دے دیا

ہیں منڈیٹ چوری کے بنیادوں پر قائم کٹھ پتلی سرکار پورے ریاستی نظام اور انتظامی ڈھانچے کی تباہی کی راہ پر گامزن ہے، ترجمان پاکسا انتخاب ہارے ہوئے اراکین کو پارلیمان میں بھر کر ایوان کو مقتدرہ کے اشاروں پر ناچنے والے سرکس میں بدل دیا گیا ہے، آئین میں سیاہ ترین ترامیم اور نہایت مبہم شخصی اغراض و مقاصد پر مبنی قانون سازی سے پارلیمان کا پورا ادارہ زمین بوس ہو کر رہ گیا ہے، ترجمان مینڈیٹ چور سرکار کی جانب سے آج تک ایوان سے زور زبردستی یا سازش اور چالاکی سے منظور کروایا گیا ہر قانون قابض اشرافیہ کے مفادات کے تحفظ کیلئے ہے، ترجمان پاکستان تحریک انصاف

تحریک انصاف نے پارلیمان کے دونوں ایوانوں سے کل منظور کروائے گئے تینوں قانونی مسوّدوں کو پوری شدت سے نامنظور اور مسترد کیا، ترجمان پاکستان تحریک انصاف

اس تازہ ترین حکومتی قانون سازی سے افواج پاکستان اور نظامِ عدل پر منفی اثرات کے امکانات ہیں جس کا براہِ راست اثرات ریاست اور قومی مفاد پر مرتب ہوں گے، ترجمان پاکستان تحریک انصاف

حسّاس معاملات پر بغیر بحث و تمحیص قانون سازی کے کلچر نے ماضی میں بھی ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے، ملک پر مسلّط قبضہ اور ایکسٹینشن مافیا کے قدم نہ روکے گئے تو پاک سرزمین کو 24 کروڑ پاکستانیوں کیلئے آخری حدوں تک تنگ کر دیں گے، قوم تیاری کرے، ایوانوں کو مینڈیٹ چوروں اور قبضہ و ایکسٹینشن مافیا سے نجات دلانے کیلئے میدانِ عمل ہمارا منتظر ہے، ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ